ilmkidunya
علم کی دنیا

Education - 9th Class Education Urdu Medium Chapter 4 Preparation

Q1. اعلی ذہانت کےبچوں کو کیا کہتے ہیں؟

Ans 1: اعلی ذہانت کےبچوں کو " فطین "کہا جاتا ہے.

Q2. تعلم میں جسمانی اختلاف پر نوٹ لکھیں.

Ans 1: ہر بچہ دوسرے بچوں سے مختلف ہوتا ہے.ہر بچے کی اپنی انفرادیت ہو تی ہے.رنگ میں' قد میں'فربہی میں'بالوں میں'آنکھوں کے رنگ میں' چہرے کی بناوٹ میں'بچے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں.تاہم یہ اختلافات تعلم پر اثرانداز نہیں ہوتے.ان کے اثرات اس وقت تعلم پر اثرانداز ہوتے ہیں جب بچے کے جسمانی اعضاء کی نشونما میں کوئی تبدیلی رہ گئی ہو.اسی طرح اگر بچہ بیمارہے یا کسی مستقل قسم کی معذوری کا شکار ہے تو اس کی یہ حالت اس کہ تعلم پر گیرا اثر ڈالے گی.

Q3. بچہ فرد کی بنیادی ضروریات کے مطابق بچے کو صیح تصور کائنات کے علم سے روشناس کیسے کروانا چاہیے

Ans 1: بچے میں تجسس کی صفت فطرتا پائی جاتی ہے اس لیے وہ اپنے اردگردکی چیزوں کے بارے میں جاننا چاہتا ہے ایک مقام پر بچہ اپنی ذات کائنات اور نظام کائنات کے اسرار ورموز سے واقفیت حاصل کرنے کی خواہش کرتا ہے اس مقصد کے حصول کے لیے تعلیم بچے کی خود رہنمائی کرسکتی ہے فرد کی درج بالا ضروریات کی تشکیل وتکمیل میں تعلیم کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے جس سے معاشرہ میں بہت سی مثبت اقدار روایات پیدا ہوں گی اور معاشرہ بہتر ہوگا

Q4. گھریلو ماحول سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: گھر کے تمام افراد اوراس گھر میں وقوع پذیر ہونے والی تمام سرگرمیاں ،بچے کا گھریلو ماحول ہوتا ہے.

Q5. مضبوط معاشرے کا قیام کس طرح ممکن ہے

Ans 1: معاشرے کے افراد کو ہمیشہ اپنے آباؤ اجداد کی کیونکہ صرف اچھی اقدار اور اچھی رسوم ورواج ہی معاشرے کے اتحاکم و مضبوطی کا باعث بنتے ہیں اور یہی اقدار اگلی نسلی کو منتقل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ صیح معنوں میں ایک مضبوط معاشرے کا قیام عمل میں لایا جاسکے

Q6. معاشرے اپنے ثقافتی ورثے اور تہذیب و تمدن کو کس طرح محفوظ رکھتے ہیں؟

Ans 1: معاشرہ اپنے ثقافتی ورثے اور تہذیب و تمدن کومحفوظ رکھنے لیے اسے اگلی نسل تک محفوظ رکھنا چاہتا ہے اور معاشرے کا یہ مقصد صرف تعلیم کے ذریعے ہی ممکن ہے.

Q7. تدوین نصاب سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تدوین نصاب ایک اہم اور مشکل مرحلی ہے.نصاب آنے والی نسلوں کا رہنما ہوتا ہے.اس کے بہت سے اصول،قاعدے،عناصر،عوامل وغیرہ ہوتے ہیں.نصاب ترتیب کرنے والا ان مضمون کے ذریعے ان کو جان سکتا ہے.

Q8. طلبہ کی ذہنی نشونما کے لیے نصاب میں کس قسم کے مضامیں شام کیے جاتے ہیں؟

Ans 1: طلبہ کی ذہنی نشونما کے لیے نصاب میں فزکس ،کیمسٹری اور ریاضی جیسے مضامیں شامی کیے جاتے ہیں.ان مضامین کو نصاب میں شامل کرنے سے طلبہ کے ذہن تیز ہوتے ہیں اور پیچیدہ مسائل کو حل کرنے میں آسانے ہوتی ہے.

Q9. صحت مند معاشرے کی تشکیل میں تعلیم کا کردار بیان کریں

Ans 1: افراد کے مشترکہ مقاصد کے لیے مل جل کررہنے سے معاشرہ بنتا ہے معاشرہ اپنے افراد کی تربیت کے لیے تعلیم کا بندوبست کرتا ہے جبکہ تعلیم کا جدید اور واضح تصور یہ ہے کہ تعلیم ایک ایسا معاشرتی عمل ہے جس کی مدد سے طلبہ معاشرتی مطابقت حاصل کرکے انفرادی اور معاشرے کی اجتماعی نشوونما کا باعث بنتے ہیں

Q10. افلا طون نے تعلیم کی تعریف کن انداز میں کی؟

Ans 1: افلا طون کے نزدیک تعلیم سچائی کی تلاش کا عمل ہے.جو انسان کی نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے.